© rasailojaraid.com



لہٰذا جب ہم مذکورہ چیزوں کی رعایت اور پابندی کریں تو ساتھ ساتھ بارگاہ الٰہی میں سربسجود ہو کر دین پر ثبات قدمی اور صبر و کی دعا کرتے رہیں، مزید صالحین کو نمونہ زندگی بنائیں اور ذکر الٰہی اور تلاوت کی کثرت نیز علوم شرعیہ کے دائرہ میں سوال و جواب اور اس پر عمل پیرا ہونا، گناہ صغیرہ سے بچنا ایک ضروری عمل ہے، موسم رمضان کے بعد اعمال صالحہ کے موقعے بار بار آتے رہتے ہیں، مثلاً رمضان کے روزے مکمل ہو جائیں تو اس کی جگہ نفلی روزے ہیں اور جب قیام رمضان ''تراویح'' مکمل ہو جائے تو قیام اللیل ''تہجد'' باقی ہے، اور صدقہ فطر کا زمانہ گذرنے کے بعد زکوٰۃ مفروضہ کا زمانہ آپڑتا ہے۔___ حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا کہ: بلا شبہ اللہ تعالیٰ نے مؤمن کے عمل کی بندش کے لئے موت کے علاوہ کوئی اور مدت متعین نہیں فرمائی پھر یہ آیت تلاوت فرمائی: **واعبد ربک حتی یاتیک الیقین.** اپنے رب کی عبادت کرتے رہئے یہاں تک کہ آپ کو امر یقین ''موت'' نہ آجائے۔ انشاء اللہ یہ نصیحتیں عمل صالح میں مداومت اور سلف صالحین کی اقتداء اور ان کی روش اختیار کرنے میں معاون ثابت ہوں گی۔

---

(بقیہ صفحہ ۶۴ سے) **تبصرہ کتب:**

کتاب: کتاب شہدائے اسلام قدم بہ قدم    ضخامت: ۵۹۲ صفحات    قیمت: درج نہیں

ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان

تاریخ اسلام اہل اسلام کی ان جانثار اور سرفروشوں کی بے مثال قربانیوں سے بھری پڑی ہے۔ جنہوں نے زندگی کی قیمتی سرمایہ حیات کو صرف اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی اسلامی کی سربلندی' وبقاء دوام کیلئے صرف کیا۔ لیکن پھر بھی کہنے لگے۔ جان دی دی ہوئی اسی کی تھی    حق تو یہ تھا کہ حق ادا نہ ہوا۔ اس مقام رفیع کے بارے میں آپ ﷺ نے فرمایا تھا۔

**احب ان اقتل فی سبیل اللہ ثم احی ثم اقتل ثم احیٰ ثم اقتل او کماقال علیہ السلام**

زیر نظر کتاب قرون اولیٰ سے لیکر دور حاضر تک جذبہ شہادت سے سرشار میدان جہاد کی شہسواروں **رھبان باللیل فوسان بالنھار** 'کاروان شہداء کی تذکروں سے لبریز ہے۔ تصویری خاکوں نے کتاب کا حسن دوبالا کر دیا ہے۔ کتاب یقیناً نہایت مفید جاذب نظر اور پرکشش ہے۔ دلوں میں جذبہ شہادت رکھنے والوں کیلئے ایک انمول تحفہ' بے بہا خزانہ اور جامع تذکرہ ہے جس سے ہر مسلمان خاص وعام اپنے قلب ونظر کو تسکین پہونچا سکتا ہے۔ یقیناً ادارہ تالیفات اشرفیہ کا یہ تازہ شاہکار اسلام کیلئے قربانیاں دینے والوں کی واقعات شہادت کو یکجا کرنا بہت بڑا کام اور امت مسلمہ کے مسلمانوں کیلئے انشاء اللہ راہنمائی کا ذریعہ بنے گا۔ دعا ہے کہ اللہ ادارہ ہذا کو اسلام کی نشر واشاعت کی مزید توفیق دے اور کتاب کے ہر دو مرتبین کو جزائے خیر اور سعادت دارین نصیب فرمائیں۔

---

© rasailojaraid.com